# میں تیرے قربان محمدؐ

میں تیرے قربان محمدؐ میں تیرے قربان
تو ہی مزمل تو ہی مدثر تو روحِ قرآن

یہ عالم یا وہ عالم یا کہ ہو گھر اللہ کا
فرش سے لے کر عرشِ بریں تک سب کچھ تیرا صدقہ
عالم کے سلطان محمدؐ، میں تیرے قربان

You are the holy prophet of Allah,
You are the quran
The whole universe revolves around
you, You brought us Islam
Messenger of Yazdan Muhammad

رحمتِ عالم تجھ کو بنا کر رب نے جہاں میں بھیجا
کوئی نہیں تھا تیرے جیسا نہ کوئی تجھ سا ہو گا
تجھ پر رب کو مان محمدؐ، میں تیرے قربان

270 Allah invited you to the heaven,
you experienced Mairaj
You let the Ummah & brought the message, you received quran
Peace & blessing be upon Muhammad

آلؑ پہ تیری رونے والی آنکھ جسے مل جائے
اُس کا گناہوں کے دھبوں سے دامن بھی دھل جائے
بخشش کا سامان محمدؐ، میں تیرے قربان

تیرے چچا عمرانؑ نے تجھ کو فرض سمجھ کر پالا
اُس کا احساں دینِ خدا پر وہ تیرا رکھوالا
کہتا رہا ہر آن محمدؐ، میں تیرے قربان